مدیر کے قلم سے



تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: تاریخ دارالعلوم دیوبند مصنف: مولانا سید محبوب رضوی قیمت: ۔درج نہیں
ضخامت :(ہردو حصے یکجا) ۱۰۰۸ صفحات ناشر: المیزان ناشران وتاجران کتب اردو بازار لاہور

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب نوراللہ مرقدہ نے ۱۳۸۵ھ میں دارالعلوم کی صد سالہ زندگی کے عنوان سے ایک مختصر کتاب تحریر فرمائی جس میں دارالعلوم کی تاسیس اوراس کے تعلیمی تبلیغی اورانتظامی امور کے احوال وکوائف کا مختصراور جامع مرقع پیش فرمایا ہے مگر ضرورت اس امر کی تھی کہ دارالعلوم کی تاریخ کے اہم واقعات کو تفصیل کے ساتھ پیش کیا جائے تاکہ ہندوستان اور برصغیر میں مسلمانوں کی علمی تاریخ کے لئے مواد مہیا ہوسکے۔ چنانچہ دارالعلوم کی مجلس شوریٰ نے اس اہم کام کے لئے مولانا سید محبوب رضوی کا انتخاب کیا۔انہوں نے یہ عظیم کام ایسی خوش اسلوبی سے انجام دیا جس پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے۔دارالعلوم دیوبند کی ایسی جامع اور لازوال تاریخ جس کے کئی ایڈیشن نکل گئے ہیں۔اور مختلف اداروں سے وقتاًفوقتاً یہ کتاب چھپتی چلی آرہی ہے۔ابتداء میں حکیم الاسلام حضرت مہتمم صاحب قاری محمد طیب قدس سرہ کا وقیع اور علوم ومعارف سے مملو مقدمہ ہے جوکہ بذات خود ایک مستقل کتاب ہے شامل ہے'یہ نئی اشاعت المیزان لاہور والوں نے خوشنما انداز اور دیدہ زیب ٹائٹل سے پیش کی ہے۔

نام کتاب: توضیح الراشدہ مصنف: مفتی فدامحمد ضخامت : ۳۶۸صفحات
قیمت: درج نہیں ناشر: دارالعلوم رحمانیہ میلئی ضلع صوابی

عالم اسلام بالعموم اور برصغیر پاک وہند بالخصوص کی نامور علمی' ادبی' تاریخی' روحانی ہمہ جہت اور نابغہ روزگار شخصیت مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نوراللہ مرقدہ کا نام نامی اوراسم گرامی ہم جیسے طفلان مکتب اور ہیچمدانوں کی تعریف یا تعارف کا محتاج نہیں۔ایک عالم آپ کی عظمت شان کی معترف اوران کی علمی عبقریت کی قائل ہے۔

آپ نے مختلف النوع موضوعات پر قلم اٹھایا ہے اورآپ کے سحرنگار قلم کی تحریر پرایک عالم گرویدہ ہے۔ ہر طبقے کے لئے آپ نے تصانیف لکھیں' خشک وتر موضوعات کو آپ کا قلم معجزرقم یکساں طور پر تروتازہ رکھتا ہے۔

بچوں کی عربی استعداد بڑھانے کے لئے القراءۃ الراشدہ کے نام سے انتہائی سہل اورمنفرد طرز نگارش میں آپ نے کتاب لکھی ہے جوکہ عرصہ ہوا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب میں شامل اورمتداول چلی آرہی ہے